मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

# Maulana Azad National Urdu University

(A Central University by an Act of Parliament)

# پراسپیکٹس

## سرمائی اجلاس جنوری، 2022

## پی ایچ ڈی پارٹ ٹائم پروگرامز

## اسپانسر کردہ / سیلف فنانسنگ موڈ میں




اردو میڈیم کے ذریعے معیاری تعلیم تک رسائی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 11<br>صوبوں میں<br>موجودگی | 71<br>پروگرام<br>پی ایچ ڈی کی<br>سطح تک | NAAC<br>"A" Grade | 19<br>شعبے | 7<br>اسکول |

گچی باؤلی، حیدرآباد

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

(ایک مرکزی یونیورسٹی،NAAC سے 'A' گریڈ یافتہ)

**وزیٹر**

شری رام ناتھ کووِند

صدر جمہوریہ ہند

**چانسلر**

عالی جناب ممتاز علی

**شیخ الجامعہ**

پروفیسر سید عین الحسن

**نائب شیخ الجامعہ**

پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ

**اسکولوں کے ڈین**

پروفیسر عبدالواحد
اسکول برائے ٹکنالوجی

پروفیسر عزیز بانو

اسکول برائے السنہ،لسانیات وہندوستانیات

پروفیسر سنیم فاطمہ

اسکول برائے کامرس وکاروباری انتظامیہ

پروفیسر صدیقی محمد محمود

اسکول برائے تعلیم وتربیت

پروفیسر سلمان احمد خان

اسکول برائے سائنسی علوم

پروفیسر فریدہ صدیقی

اسکول برائے فنون وسماجی علوم

پروفیسر احتشام احمد خان

اسکول برائے ترسیل عامہ و صحافت

**رجسٹرار (انچارج)**

پروفیسر صدیقی محمد محمود

**فائنانس آفیسر (انچارج)**

ڈاکٹر پی منور حسین

**کنٹرولر امتحانات**

ڈاکٹر محمد زائر حسین

**ڈائرکٹر، نظامت ِ داخلہ**

پروفیسر وَنَجا ایم

**پتہ:**

کمرہ نمبر20، گراؤنڈ فلور، عمارت انتظامی

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، گچی باولی، حیدرآباد 032 500– تلنگانہ

فون نمبر 040-2300 6605، EPABX: 040 – 23006612/13/14/15 –Ext-1800/1801

*E-mail: admissionsregular@manuu.edu.in; website-www.manuu.edu.i*

# پراسپیکٹس کم داخلہ کمیٹی

| | |
|---|---|
| .1 | پروفیسر سید عین الحسن ،وائس چانسلر، چیر پرسن |
| .2 | پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، پرووائس چانسلر |
| .3 | پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار، انچارج |
| .4 | ڈاکٹر پی منور حسین، فینانس آفیسر، انچارج |
| .5 | ڈاکٹر محمد زائر حسین، کنٹرولر امتحانات |
| .6 | پروفیسر سنیم فاطمہ، ڈین، اکیڈمکس، وڈین، اسکول برائے کامرس وکاروباری انتظامیہ |
| .7 | پروفیسر عبدالواحد، ڈین، اسکول برائے ٹکنالوجی |
| .8 | پروفیسر سلمان احمد خان، ڈین، اسکول برائے سائنسی علوم |
| .9 | ڈاکٹر فہیم الدین احمد، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ ترجمہ |
| .10 | ڈاکٹر جرار احمد، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ تعلیم وتربیت |
| .11 | پروفیسر پردیپ کمار، ڈپٹی ڈائرکٹر، نظامتِ داخلہ |
| .12 | ڈاکٹر سہید میو، اسسٹنٹ ڈائرکٹر، نظامتِ داخلہ |
| .13 | ڈاکٹر رفیع محمد، اسسٹنٹ ڈائرکٹر، نظامتِ داخلہ |
| .14 | جناب چاولہ متیالہ راؤ، اسسٹنٹ ڈائرکٹر، نظامتِ داخلہ |
| .15 | پروفیسر وَنجا۔ایم، ڈائرکٹر، نظامتِ داخلہ – ممبر کنوینر |

| داخلہ ہیلپ ڈیسک (صبح 9.00 سے شام 05.30 بجے کے درمیان کال کریں)۔ | |
|---|---|
| اسکول برائے ٹکنالوجی | ***9866802414*** |
| اسکول آف مینیجمنٹ اینڈ کامرس، | ***9849847434*** |
| اسکول آف سائنسز | ***6302738370*** |

# آن لائن درخواست کا شیڈول

## پی ایچ ڈی پارٹ ٹائم پروگرام کے لیے ٹائم لائن (اسپانسر شدہ / سیلف فائنسنگ)

| | | |
|---|---|---|
| **نوٹیفکیشن جاری ہونے کی تاریخ** | : | 28.01.202 |
| **پُر کردہ درخواست فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ** | : | 28 فروری 2022 |
| ایڈمٹ کارڈ کا اجرا | | 07 مارچ 2022 |
| ریسرچ ایڈمیشن ٹیسٹ | : | 11 مارچ 2022 |
| ابتدائی کلید کا اجرا | : | 11 مارچ 2022 |
| کلید سے متعلق دعوے / چیلنج / اعتراضات | : | 13, 12مارچ 2022 |
| حتمی کلید کا اجرا | : | 14 مارچ 2022 |
| ریسرچ داخلۂ امتحان کے نتائج کا اعلان | : | 18 مارچ 2022 |
| کوالیفائیڈ امیدواروں کا آن لائن اسناد کی جانچ | : | 21 مارچ 2022 |
| انٹرویو کے لیے امیدواروں کی لسٹ کا اجرا | : | 24 مارچ 2022 |
| انٹرویو | : | 26 مارچ 2022 |
| داخلے اور آن لائن فیس کی ادائیگی | : | 30 مارچ 2022 |
| کورس ورک / جماعتوں کا آغاز | : | 01 اپریل2022 |

**امیدواروں کے لیے ہدایات:**

1- امیدواروں سے خواہش کی جاتی ہے کہ وہ ریسرچ ایڈمیشن ٹیسٹ کے آغاز سے 30 منٹ قبل امتحان ہال میں پہنچ جائیں، جو کہ صرف مانو کیمپس، گچی باؤلی، حیدرآباد میں منعقد ہوگا۔

2- صرف انہی امیدوارں کو داخلہ امتحان میں بیٹھنے کی اجازت ہوگی جن کے پاس مستند ایڈمٹ کارڈ اور مستند شناختی کارڈ (امپلائی آئی ڈی / آدھار کارڈ / ڈرائنگ لائسنس وغیرہ) موجود ہو۔

3- ریسرچ ایڈمیشن ٹیسٹ شروع ہونے کے بعد کسی بھی امیدوار کو امتحانی مرکز میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

4- یونیورسٹی کسی بھی امیدوار کو داخلہ امتحان / انٹرویو میں شرکت کے لیے آمد ورفت کا خرچ اور قیام وطعام کی سہولت فراہم نہیں کرے گی۔

5- پی ایچ ڈی پروگرام کے لیے آن لائن سرٹیفکیٹ ویریفیکشن اعلان شدہ تاریخوں پر کیا جائے گا۔

a. **اردو دانی کا ثبوت:** 10 ویں یا 12 ویں یا گریجویشن میں اردو بطور مضمون / زبان یا بحیثیت ذریعۂ تعلیم پڑھی ہو یا یا مانو سے تسلیم شدہ مدرسہ سے اردو ذریعہ تعلیم سے مماثل مدرسہ کورس مکمل کیا ہو۔

یا

اردو دانی کا ثبوت نہ ہونے کی صورت میں امیدوار اردو کی اہلیت سے استثنٰی حاصل کر سکتے ہیں، لیکن مقالہ جمع کرانے سے پہلے انہیں شعبۂ اردو مانو سے 2 کریڈٹ اردو کورس مکمل کرنا ہوگا۔

b. * دسویں / ایس ایس سی / مساوی بورڈ امتحان کی مارکس شیٹ

c. مطلوبہ امتحان کی مارکس شیٹ (جس کا بھی اطلاق ہوتا ہو)

d. مائیگریشن سرٹیفکیٹ (آخری بار جس ادارے سے تعلیم حاصل کی ہو وہاں سے)

e. * زمرہ ایس سی / ایس ٹی / او بی سی / ای ڈبلیو ایس کا مستند صداقت نامہ (حکومت ہند کی جانب متعینہ فارمیٹ پر) اگر اطلاق ہوتا ہو تو۔

f. * خصوصی زمرہ کا مستند صداقت نامہ (کشمیری مہاجر / معذوری / مسلح افواج کی اولاد / کھیل کود)۔

g. * تجربہ / سروس سرٹیفکیٹ

h. * موجودہ امپلائر سے این او سی

i. * امپلائر سے اسپانسر سرٹیفکیٹ (داخلہ کے وقت)

6- امیدواروں کو آن لائن انٹرویو اور سرٹیفکیٹ کی تصدیق میں شرکت کرنا ہوگی۔

7- مانو ویب سائٹ پر پی ایچ ڈی کے لیے منتخب امیدواروں کی فہرست جاری ہونے کے بعد منتخب امیدوار اعلان کردہ تاریخوں میں اپنی فیس آن لائن ادا کرکے عبوری داخلے کی آن لائن توثیق حاصل کرسکتے ہیں۔

8- امیدواروں کو کورس ورک کے آغاز پر اپنے متعلقہ صدرِ شعبہ کو رپورٹ کرنا ہوگا۔

| فیس کی ادائیگی | درخواست مع رجسٹریشن فیس |
|---|---|
| صرف آن لائن | 1500روپے |


## رجسٹریشن اور درخواست فیس کی ادائیگی کا طریقۂ کار

- امیدوار مانو ریگولر ایڈمیشن پورٹل پر رجسٹریشن کے عمل کو درج ذیل لِنک کی مدد سے پورا کرسکتے ہیں۔ https://manuucoe.in/PTAdmission/

1) رجسٹریشن فارم




2) لاگن



- امیدوار کے رجسٹریشن کا عمل امیدوار کی بنیادی پروفائل کے اندراج پر مشتمل ہوتا ہے۔

1. ذاتی معلومات

Personal Details | Address Details | Guardian Details | Upload Photo & Sign

| | |
|---|---|
| Registration No. رجسٹریشن نمبر * | 20 06220 |
| First Name پہلا نام * | I atullah |
| Middle Name درمیانہ نام | Enter Middle Name |
| Last Name آخری نام | Enter Last Name |
| Email ID ای میل | n llah@manuu.edu.in |
| Mobile No موبائل نمبر * | 891 |
| Date of Birth تاریخ پیدائش * | -04-12 |
| Gender جنس * | Male |
| Father's Name والد کا نام * | M |
| Mother's Name والدہ کا نام * | M ban Beebi |
| Nationality قومیت * | INDIAN |
| Category زمرہ * | OBC:OBC- NCL (CENTRAL LIST) |

Note: For OBC - Caste Name as per Central List of OBCs (Ref.http://ncbc.nic.in )

| | |
|---|---|
| Ansari | Bihar |
| Are You PwD? : کیا آپ معذور ہیں * | ◉ No ○ Yes |
| Religion مذہب * | Islam |
| Blood Group خون گروپ * | O+ |
| Region علاقہ * | Rural |
| Aadhar Id No. آدھار شناختی نمبر | 111111111111 |
| Have You Studied in MANUU? * | Yes |
| ◉ iUMS Enrollment before 2017-18<br>○ iUMS Enrollment after 2017-18 | 313 |
| Marital Status ازدواجی حیثیت * | ◉ Married ○ Unmarried |
| Mother Tounge مادری زبان * | Urdu |
| Identification Mark شناختی نشان * | A cut mark on right leg |
| Alternate Mobile No. متبادل موبائل نمبر | 8919935812 |

Save

Maulana Azad National Urdu University © 2022-23

2. پتہ کی تفصیلات

Personal Details | Address Details | Guardian Details | Upload Photo & Sign

### Permanent/Home Town Address

| | |
|---|---|
| H.No/Street گھر کا نمبر / گلی* | 9-4 … 7/1 |
| Village/Post Office گاؤں / ڈاک خانہ* | Mera… Tilic… |
| Country ملک* | India |
| State/Province ریاست* | T… gana |
| City/District شہر / ضلع* | H… bad |
| Pincode پن کوڈ* | 50… |
| State of Domicile ریاستی ریاست* | … r |

### Correspondence Address


☐ Same as permanent address.

| | |
|---|---|
| H.No/Street گھر کا نمبر / گلی* | 9 … /17/1 |
| Village/Post Office گاؤں / ڈاک خانہ* | M… Til… i |
| Country ملک* | India |
| State/Province ریاست* | … |
| City/District شہر / ضلع* | I… |
| Pincode پن کوڈ* | 50… |


Save

Maulana Azad National Urdu University © 2022-23


3. فوٹو اور دستخط اپلوڈ کرنا




- رجسٹریشن کی تکمیل کے بعد، امیدوار داخلہ پورٹل میں لاگ ان ہو جاتا ہے اور اپنی پسند کا مناسب پروگرام منتخب کر سکتا ہے۔



- امیدوار لازمی تفصیلات اور دستاویزات فراہم کرتا ہے جو اس کے ذریعہ منتخب کردہ کورس کے سلسلے میں ہوتے ہیں اور تجربہ کے حوالے سے متعلقہ ملازمت سے متعلق تفصیلات فراہم کریں جس کی بنیاد پر امیدوار مخصوص پروگرام کے لیے اہل ہے۔



Add Program

| | |
|---|---|
| Part Time PhD (Sponsored/SelfFinanced) School :* | Ph.D. In School of Technology |
| Specilisation* | Artificial Intelligence |

Eligibility Criteria*

Tick the checkbox in the following clause to comply with the Urdu knowing requirement:

اردو دانی کی شرط کو پورا کرنے کے لئے مندرجہ ذیل شق کے چیک باکس کو نشان زد کریں

(◉) I hereby certify that I studied Urdu as a Subject/Language or as a Medium in 10th/12th/Graduation level or equivalent Madrasa courses with Urdu as medium of Instruction as approved by MANUU and I have uploaded a valid proof in its respect.

View Uploded Urdu Certificate

OR

( ) Exemption from Urdu Qualification

Choose appropriate MINIMUM eligibility clause from the following:

مندرجہ ذیل میں سے مناسب اہلیتی شق کو منتخب کریں:

(◉) 55% marks in aggregate in Post Graduate degree in Concerned Subject or Allied subject or Area of Specialization

Choose appropriate Entrance Test Exemption Category, if applicable, from the following:

مندرجہ ذیل میں سے داخلہ امتحان کی چھوٹ سے متعلق مناسب زمرہ کو منتخب کریں، اگر قابل اطلاق ہو تو

( ) Qualified UGC/CSIR JRF

( ) Candidates sponsored under an MoU between MANUU and an Institution/Industry/corporate entity/Govt. or Non-Government organization/agency

( ) Scientists (or Equivalent posts) working in Research Laboratories either owned or managed by the Central /State Government or an Autonomous Research Institution of National Status with three years' experience and evidence of research

( ) Qualified UGC/CSIR NET/SET/SLET/GATE/GPAT Exam

( ) Rajiv Gandhi Fellowship awardees; Teacher-fellowship holders; INSPIRE/ or candidates who are awarded Fellowships directly or by other funding agencies ICAR/ ICHR/ ICMR/ DBT/ DST)

( ) M.Phil. candidates who have admitted through entrance test and complete

If you have qualified SLET/M.Phil./NET or JRF and still wish to appear for Ph.D. Entrance Test check the following checkbox:

اگر آپ سلیٹ / ایم فل / نیٹ یا جے آر ایف کامیاب ہوں اور پھر بھی پی ایچ ڈی داخلہ امتحان میں شرکت کرنا چاہتے ہوں تو مندرجہ ذیل چیک باکس کو منتخب کریں

[ ] I have qualified SLET/M.Phil./NET or JRF and still wish to appear for Ph.D. Entrance Test.

(Note : Even If you don't wish to appear to entrance test, you need to select Hyderabad as viva centre)

Qualifying Exam *

| | |
|---|---|
| Qualification Level | Post Graduate Degree |
| Post Graduate Degree Name | Enter Your Post Graduate Degree Name |
| University | University |
| Roll Number/Enrollment | Roll Number/Enrollment |
| Subjects/Courses | Enter Your Subjects |
| Result | PASSED |
| Passing Year | Passing Year |
| Percentage (Numbers Only, Don't Add '%' Character in the End!) | Enter number less than 100 and do not put % character |
| CGPA If Any | CGPA |

Employer Details*

| | |
|---|---|
| Employment Type | Select Type of Employer you are Working In |
| Name Of Employer | Name Of Employer |
| Address-1 | Address-1 |
| Address-2 | Address-2 |
| City | City |
| State | State |
| Country | Country |
| Contact Person Name | Contact Person Name |
| Contact Person Designation | Contact Person Designation |
| Contact Person Mobile | Contact Person Mobile |
| Contact Person Email | Contact Person Email |
| Proof of Employment (Experience Certificate) For 3 Years | Choose File No file chosen |
| NOC (No Objection Certificate) from Employer | Choose File No file chosen |

[ ] I hereby declare that I am a permanent/regular full time employee and possess a minimum working experience of 3 years.


( ) I hereby declare that I will take leave for a minimum of one year; initially six months leave for attending the classes of the PhD course work/defining the problem and six months leave prior to submission of PhD thesis during the tenure of the PhD Program.

( ) I seek leave exemption as I reside/work within 50 kilometers of radius of MANUU Hyderabad campus.

| | |
|---|---|
| Test Center * | Hyderabad |

Add Program

- صحیح پروگرام کے انتخاب کے بعد، طالب علموں کے ذریعہ رجسٹرڈ ہر کورس کے سلسلے میں پورٹل میں "Pay Fee" کا آپشن فعال ہوجاتا ہے جیسا کہ ذیل کی اسکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے۔




**Status of Online Application form (s)**

| Application No. درخواست نمبر | Program پروگرام | Amount رقم | Payment Status ادائیگی کی حیثیت | Action ایکشن |
|---|---|---|---|---|
| M000000047 | Ad [illegible] ...ssional Arabic | [illegible] | Pending | View Pay Fee Delete |
| M000000062 | F..D. (C [illegible] e) | [illegible] | Pending | View Pay Fee Delete |

- جب طالب علم Pay Fee آپشن پر کلک کرتا ہے تو وہ Payment Gateway Page کے بل ڈیسک سائٹ پر پہنچ جاتا ہے جہاں سے وہ فیس کی ادائیگی کو مکمل کرتا ہے۔
- بل ڈیسک ویب پیج (BillDesk web page) پر یونیورسٹی کا نام 'مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی' اور فیس ادائیگی کی رقم سسٹم کے ذریعہ ظاہر ہوتی ہے۔ فیس ادائیگی کی رقم کو امیدوار کے ذریعہ بدلا نہیں جاسکتا۔
- درخواست فارم کی فیس صرف آن لائن موڈ کے ذریعہ ہی قابل قبول ہے۔
- فیس ادائیگی کا راستہ (Gateway) ادائیگی کے لیے ذیل کے چار اختیارات پیش کرتا ہے۔
  - کریڈٹ کارڈ
  - ڈیبٹ کارڈ + اے ٹی ایم پن
  - ڈیبٹ کارڈ
  - انٹرنیٹ بینکنگ
- **کریڈٹ کارڈ**

ادائیگی کے اس آپشن میں امیدوار کو ذیل میں دی ہوئی تفصیلات درج کرکے ادائیگی کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

1. کریڈٹ کارڈ نمبر: کارڈ پر درج 16 نمبرات کا اندراج
2. کارڈ کی میعاد ختم ہونے کی تاریخ اور سال: MM (Month), YYYY( Year)
3. CVV/CVC نمبر: 3 عددی کارڈ کی توثیق کی قدر جو کارڈ کے پیچھے کی طرف دی گئی ہے۔
4. کریڈٹ کارڈ ہولڈر کا نام




درج بالا تفصیلات درج کرنے کے بعد 'Pay' بٹن کا آپشن کھل جائے گا۔ اس کے بعد امیدوار سے 4 نمبروں کا او ٹی پی مانگا جاتا ہے جو کہ اس کے موبائل پر آتا ہے اور وہ اس کے ذریعہ سے ادائیگی مکمل کرتا ہے۔

- **ڈیبٹ کارڈ+اے ٹی ایم پن**


ادائیگی کے اس آپشن میں امیدوار کو بل ڈیسک ادائیگی پیج(BillDesk Payment Page)میں درج بینکوں کی فہرست سے مناسب بینک کو منتخب کرنا ہوتا ہے اور پھر درج ذیل تفصیلات فراہم کرنی ہوتی ہیں۔

1. ڈیبٹ کارڈ نمبر:کارڈ پر درج 16 نمبرات کا اندراج
2. کارڈ کی میعاد ختم ہونے کی تاریخ اور سال: MM (Month) ,YYYY( Year)
3. اے ٹی ایم پن:4عددی اے ٹی ایم پن
4. ڈیبٹ کارڈ ہولڈر کا نام
5. مندرجہ بالا تفصیلات فراہم کرنے کے بعد طالب علم ادائیگی(Pay)کے آپشن پر کلک کر کے ادائیگی مکمل کرے گا جیسا کہ نیچے اسکرین پر دکھایا گیا ہے۔

- **ڈیبٹ کارڈ**

ادائیگی کے اس آپشن میں امیدوار کو ذیل میں دی ہوئی تفصیلات درج کر کے ادائیگی کرنے کی ضرورت ہے


1. ڈیبٹ کارڈ نمبر:کارڈ پر درج 16 نمبرات کا اندراج
2. کارڈ کی میعاد ختم ہونے کی تاریخ اور سال: MM (Month) ,YYYY( Year)
3. CVV/CVC نمبر:3عددی کارڈ کی توثیق کی قدر جو کارڈ کے پیچھے کی طرف دی گئی ہے۔
4. ڈیبٹ کارڈ ہولڈر کا نام





درج بالا تفصیلات درج کرنے کے بعد 'Pay'بٹن کا آپشن کھل جائے گا۔اس کے بعد امیدوار سے 4 نمبروں کا او ٹی پی مانگا جاتا ہے جو کہ اس کے موبائل پر آتا ہے اور وہ اس کے ذریعہ سے ادائیگی مکمل کرتا ہے۔


- **انٹرنیٹ بینکنگ**


ادائیگی کے اس آپشن میں امیدوار کو بل ڈیسک ادائیگی پیج(BillDesk Payment Page)میں درج بینکوں کی فہرست سے مناسب بین کو منتخب کرنا ہوتا ہے اور پھر Make Payment آپشن پر کلک کرنا ہوتا ہے۔ صفحہ منتخب بینک کے انٹرنیٹ بینکنگ پیج پر براہ راست چلا جاتا ہے۔اس کے بعد طلبا کو اپنے انٹرنیٹ بینکنگ کے آئی ڈی اور پاسورڈ کو درج کرنا ہوتا ہے۔ٹرانزیکشن پاسورڈ کے اندراج کے بعد موبائل پر حاصل او ٹی پی کو درج کر کے ادائیگی کو مکمل ہو جاتی ہے۔



کامیاب ادائیگی کے بعد، امیدوار کو درخواست کے عمل کو مکمل کرنے کے لیے تمام ضروری دستاویزات اپ لوڈ کرنے کی ضرورت ہے۔




تمام مطلوبہ دستاویزات کے کامیاب اپ لوڈ ہونے کے بعد درخواست کا عمل مکمل ہو جائے گا۔

# فہرست

1.0 یونیورسٹی کا تعارف ........ 1
1.1 وِژن ........ 1
1.2 مشن ........ 1
1.3 مقاصد: ........ 1
1.4 تعلیمات ........ 2
1.5 نظم ونسق ........ 3
1.6 انفرادیت (یونیک نیس) ........ 3
1.7 کامیابیاں ........ 4
2.0 مینیجمنٹ اور کامرس کے مخصوص میدانوں میں پی ایچ ڈی پارٹ ٹائم پروگرام اسپانسر کردہ / سیلف فائنانسنگ موڈ ........ 4
3.0 اسکول برائے سائنسی علوم کے مخصوص میدانوں میں پی ایچ ڈی پارٹ ٹائم پروگرام اسپانسر کردہ / سیلف فائنانسنگ موڈ ........ 5
4.0 اسکول آف ٹکنالوجی کے مخصوص میدانوں میں پی ایچ ڈی پارٹ ٹائم پروگرام اسپانسر کردہ / سیلف فائنانسنگ موڈ ........ 6
5.0 پی ایچ ڈی پارٹ ٹائم پروگرام اسپانسر کردہ / سیلف فائنانسنگ موڈ میں داخلے کے رہنما خطوط ........ 6
5.1. داخلوں کے لیے عمومی ہدایات ........ 6
5.2. پارٹ ٹائم اور انڈسٹری کے اسپانسر کردہ پی ایچ ڈی پروگرام میں داخلے ........ 7
5.3 پی ایچ ڈی جزوقتی / اسپانسر کردہ زمروں کے داخلوں میں تحفظات ........ 10
5.4. فیس کی ادائیگی اور فیس واپسی کی پالیسی ........ 11
5.5. دیگر اہم ہدایات برائے داخلہ ........ 11
6.0 داخلہ فارم جمع کرنے کا طریقہ ........ 12
7.0 اسپانسر کردہ / سیلف فنانسڈ پی ایچ ڈی پارٹ ٹائم پروگرامز کے لیے فیس کا ڈھانچہ۔ ........ 13
8.0 اہم پتے اور ٹیلی فون نمبر ........ 13
9.0 این او سی / او بی سی / ای ڈبلیو ایس سر ٹیفکیٹ جمع کرنا ........ 14

## 1.0 یونیورسٹی کا تعارف

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی(MANUU)ایک مرکزی یونیورسٹی ہے۔ یہ پارلیمنٹ کے ایک قانون کے ذریعے جنوری 1998 میں کل ہند دائرہ کار کے ساتھ قائم کی گئی۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا صدر دفتر اور مرکزی کیمپس گچی باولی، حیدرآباد میں واقع ہے۔ یہ کیمپس 200 ایکڑ کے رقبے پر پھیلا ہوا ہے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ملک کے دور دراز علاقوں میں بسنے والے تعلیم سے محروم اور اردو ذریعۂ تعلیم کی پہلی نسل کے طالب علموں کے لیے روایتی و فاصلاتی طرز کے پروگراموں کے ذریعے اعلیٰ تعلیمی خدمات فراہم کرنے والا سب سے بڑا ادارہ ہے۔ 1998 میں یونیورسٹی نے فاصلاتی تعلیم کے پروگراموں سے اپنے تعلیمی سفر کا آغاز کیا اور 2004 میں اس نے اردو میڈیم کے ریگولر پروگراموں سے اپنی تعلیمی و تحقیقی بنیادوں کو مستحکم کیا۔

یہ جامعہ ایک بلند پایہ عالم، دانشور، بہترین ادیب، ایک بے مثال مقرر، عظیم مجاہد آزادی، آزاد ہندوستان کے تعلیمی نظام کے منصوبہ ساز اور ملک میں جدید اور سائنسی تعلیمی اداروں کے بانی، مولانا ابوالکلام آزاد کے نام پر قائم کی گئی ہے۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اس وقت موجودہ شعبوں اور مراکز کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف اصلاحی اقدامات کے ذریعے ان افراد کو تعلیم سے بہرہ ور کرنے کی کوشش میں مصروف ہے جو اب تک اس سے محروم تھے۔ اس کے علاوہ وہ بالعموم ملک کی نوجوان نسل اور بالخصوص اردو بولنے والے طبقے کی بڑھتی ہوئی امنگوں کو پورا کرنے کے لیے بھی کوشاں ہے۔ یونیورسٹی نے تعلیم، تحقیق، نظم و نسق کے تمام محاذوں پر متعین وژن، مشن اور مقاصد کے ساتھ قابل ذکر پیش رفت کی ہے۔

### 1.1 وِژن

شمولیتی پالیسی پر کاربند رہتے ہوئے اردو کے ذریعے معیاری تعلیم تک رسائی فراہم کرنا۔

### 1.2 مشن

سماجی، معاشی، تعلیمی اور ثقافتی طور پر سماج کے پچھڑے طبقات کو بااختیار بنانا تاکہ انہیں مرکزی دھارے میں شامل کیا جاسکے اور اس طرح ملک کی سماجی و معاشی ترقی میں اپنا حصہ ادا کرنا۔

### 1.3 مقاصد:

**مانو ایکٹ 1996 (نمبر 2 آف 1997) سیکشن 4 کے تحت یونیورسٹی کے مقاصد درج ذیل ہیں**

- اردو زبان کا فروغ اور اس کی ترقی
- اردو ذریعۂ تعلیم سے تکنیکی و پیشہ ورانہ تعلیم و تربیت کی فراہمی
- روایتی تدریس اور فاصلاتی نظام تعلیم کے توسط سے اردو میڈیم میں اعلیٰ تعلیم و تربیت حاصل کرنے کے خواہش مندوں کے لیے رسائی کے وسیع مواقع کی فراہمی
- تعلیم نسواں پر خصوصی توجہ

**مذکورہ بالا مقاصد کے حصول کے لیے یونیورسٹی درج ذیل اہداف کے حصول کی کوشش کرے گی:**

- باہمی تعامل اور اختراعی تدریس و اکتساب پر خصوصی توجہ کے ساتھ ساتھ سماجی رابطے کے ذریعہ طلبا کو اردو زبان میں تعلیم کا بہترین تجربہ فراہم کرانا
- تعلیمی و تحقیقی نتائج اور رسائی کے اقدامات میں عالمی سطح کی بہترین روایات اور معیار کی پابندی
- قومی و بین الاقوامی بازاروں میں اہل افرادی قوت کی بڑھتی ہوئی مانگ کی تکمیل کے لیے طلبا کی استعداد میں اضافہ کرنا
- مسلسل تعلیم، اسپانسر کردہ تحقیق اور مشاورت کے ذریعے داخلی آمدنی / وصولیابی میں توسیع و اضافہ
- ملکی معیشت کی ترقی میں حصہ ادا کرنے والی اہل افرادی قوت کی تیاری کے ذریعے لاکھوں غریب افراد کے معیار زندگی کو بہتر بنانا
- وسائل کا مؤثر اور بھرپور استعمال کرنا اور عمل پر مبنی متعین اقدامات کے ذریعے یونیورسٹی کو ایک اسمارٹ، ڈیجیٹل اور صاف ستھرے کیمپس میں تبدیل کرنا

## 1.4 تعلیمات

**اسکول برائے السنہ، لسانیات اور ہندوستانیات**
- شعبۂ اردو
- شعبۂ عربی
- شعبۂ انگریزی
- شعبۂ ہندی
- شعبۂ فارسی
- شعبۂ مطالعات ترجمہ
- مرکز مطالعات اردو ثقافت

**اسکول برائے تعلیم وتربیت**
- شعبۂ تعلیم وتربیت
- کالجز آف ٹیچر ایجوکیشن
  - آسنسول
  - اورنگ آباد
  - بیدر
  - بھوپال
  - دربھنگہ
  - نوح
  - سمبھل
  - شری نگر
- مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو ذریعۂ تعلیم

**اسکول برائے آرٹس اور سوشل سائنسز**
- شعبۂ اسلامک اسٹڈیز
- شعبۂ معاشیات
- شعبۂ تاریخ
- شعبۂ سیاسیات
- شعبۂ نظم ونسق عامہ
- شعبۂ سماجیات
- شعبۂ سوشل ورک
- تعلیم نسواں
- البیرونی مرکز برائے مطالعات سماجی علیحدگی و اشتمالی پالیسی

**اسکول برائے سائنسز**
- شعبۂ ریاضی
- علم طبعیات سیکشن
- علم کیمیا سیکشن
- علم نباتات سیکشن
- علم حیوانات سیکشن

**اسکول برائے ترسیل عامہ وصحافت**
- شعبۂ ترسیل عامہ وصحافت

**اسکول برائے ٹکنالوجی**
- شعبۂ کمپیوٹر سائنس وانفارمیشن ٹکنالوجی

**اسکول برائے کامرس اور انتظامیہ**
- شعبۂ کامرس اور کاروباری انتظامیہ

ان شعبہ جات کے تحت مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں کل 71 پروگرام اور کورسز (24 پی ایچ ڈی؛ 21 پوسٹ گریجویشن؛ 10 گریجویشن؛ 07 ڈپلوما اور 09 پی. جی. ڈپلوما اور سرٹی فیکیٹ کورسز) فراہم ہیں۔ ان کے علاوہ پالی ٹکنک کے ذریعے (06 ڈپلوما) اور آئی ٹی آئی کے ذریعے (08 سرٹی فیکیٹ ٹریڈس) کے کورسز فراہم ہیں۔ مزید یہ کہ یونیورسٹی انتخاب پر مبنی کریڈٹ سسٹم کے ذریعے بازار کی ضرورتوں کے مطابق، لچک دار تعلیمی فریم ورک کے ساتھ اعلیٰ درجہ کی اختراعی اور مناسب حال معیاری تعلیم فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔

## 1.5 نظم ونسق


یونیورسٹی میں شفافیت اور جواب دہی کے لیے پہلے سے قائم تنظیمی ڈھانچوں کے ساتھ مؤثر نظم ونسق کا نظام قائم کیا گیا ہے۔ مزید یہ کہ یونیورسٹی اپنے داخلی دفتری عمل کو درست رکھنے کے لیے ای گورننس کی جانب پیش رفت کر رہی ہے۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی وزارت فروغ انسانی وسائل کے مشن پر مبنی ہدایات کا حصہ ہے۔ جیسے سوچھ بھارت ابھیان؛ سوچھ بھارت - سوستھ بھارت؛ سوچھتا پکھواڑہ؛ ایک بھارت - شریشٹھ بھارت؛ بیٹی بچاؤ - بیٹی پڑھاؤ؛ وِدیا سا کشرتا ابھیان اور پردھان منتری کوشل وکاس یوجنا وغیرہ۔ اس کے علاوہ NKN-NME-ICT کے ڈیجیٹل انڈیا پروجیکٹ میں بھی یونیورسٹی شریک ہے جس میں کیمپس رابطہ، یوجی سی انفلب نیٹ، این ڈی ایل کلسٹر، سوایم اور بھارت وانی وغیرہ شامل ہیں۔

## 1.6 انفرادیت (یونیک نیس)

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (مانو) ملک کی بہترین یونیورسٹیوں میں شامل ہے جہاں عمومی، تکنیکی، پیشہ ورانہ اور پیشہ جاتی تعلیم فراہم کی جاتی ہے۔ یونیورسٹی کو نیشنل اسسمنٹ اینڈ اکریڈیٹیشن کونسل (NAAC) نے 2016 میں 'اے' گریڈ عطا کیا ہے۔ اس کے علاوہ یونیورسٹی اس حیثیت سے بھی منفرد ہے کہ یہاں ابتدائی سے لے کر ڈاکٹریٹ تک تعلیم کی تمام سطحوں پر اردو میڈیم سے تعلیم دی جاتی ہے۔ یونیورسٹی ملک میں اعلیٰ تعلیم کے لیے ایک پسندیدہ منزل بن چکی ہے۔ اس نے سماج کے سب سے زیادہ ضرورت مند طبقات کو اپنی طرف متوجہ کیا اور انہیں اعلیٰ تعلیم کے مرکزی دھارے میں شامل کیا ہے۔ اعلیٰ تعلیم کی ڈگریاں عطا کرنے والے 800 اداروں کے جائزے کی بنیاد پر یونیورسٹی کو نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف رینکنگ فریم ورک NIRF - 2017 کے تحت 150-101 کے زمرے میں شامل کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ڈی ایس ٹی کی شائع شدہ رپورٹ کے مطابق مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کو سرکاری مالی تعاون یافتہ یونیورسٹیوں میں پبلی کیشنز کے لحاظ سے 24 ویں اور حوالوں کے لحاظ سے 30 ویں مقام پر رکھا گیا ہے۔

اس وقت ملک کی 11 ریاستوں میں یونیورسٹی کے 18 سٹلائٹ اور آف کیمپسز قائم ہیں۔ اور تقریباً 6300 طلبا روایتی طرز تعلیم کے مختلف پروگراموں کے ذریعے حصولِ تعلیم میں مصروف ہیں۔ نظامت فاصلاتی تعلیم کی جانب سے فاصلاتی طرز کے مختلف پروگرام فراہم کیے جاتے ہیں جو اس کے 9 علاقائی مراکز، 5 ذیلی علاقائی مراکز اور تقریباً 157 مطالعاتی مراکز کے ذریعے 1.5 لاکھ سے زائد طلبا تک مختلف کورسز ان کے گھروں تک پہنچانے کی کوشش میں مصروف ہے۔ یونیورسٹی کے تعلیمی کیمپس ملک بھر میں پھیلے ہوئے ہیں جیسے 4 صنعتی تربیتی ادارے (ITIs) بالترتیب حیدرآباد (تلنگانہ)، بنگلور (کرناٹک)، دربھنگہ (بہار) اور کٹک (اوڈیشہ) میں؛ 5 پالی ٹکنک کالج حیدرآباد (تلنگانہ)، بنگلور (کرناٹک)، دربھنگہ (بہار)، کٹک (اوڈیشہ) اور کڑپہ (آندھرا پردیش) میں قائم ہیں۔




یہ ادارے یونیورسٹی کے ایک اہم مقصد یعنی اردو ذریعہ تعلیم سے تکنیکی و پیشہ ورانہ مضامین کی تعلیم کی فراہمی کی تکمیل کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ یونیورسٹی نے سری نگر (جموں و کشمیر)، دربھنگہ (بہار)، بھوپال (مدھیہ پردیش)، آسنسول (مغربی بنگال)، سنبھل (اترپردیش)، اورنگ آباد (مہاراشٹرا)، نوح (میوات، ہریانہ) اور بیدر (کرناٹک) میں تعلیم اساتذہ کے آٹھ کالج بھی قائم کیے ہیں۔ جہاں مختلف تربیتی پروگراموں کے ذریعے اساتذہ کی شخصی وذہنی ارتقا کا کام انجام دیا جاتا ہے۔ یونیورسٹی کا ایک سٹلائٹ کیمپس لکھنؤ (اترپردیش) میں قائم ہے جہاں گریجویشن، پوسٹ گریجویشن اور تحقیق کے پروگرام فراہم ہیں۔ یونیورسٹی نے ایک اہم مقصد یعنی خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے بڈگام (جموں وکشمیر) میں آرٹس وسائنس کالج بھی قائم کیا ہے۔ اردو کے دائرہ کار کو وسیع کرنے کے اپنے مشن کی تکمیل اور نئی نسل میں اردو کے لیے شوق پیدا کرنے کے لیے یونیورسٹی نے حیدرآباد، دربھنگہ اور نوح میں تین ماڈل اسکول بھی قائم کیے ہیں تاکہ اردو میڈیم میں معیاری اسکولی تعلیم فراہم کی جاسکے۔

یونیورسٹی میں کئی تعلیمی امدادی مراکز بھی قائم ہیں جیسے مرکز برائے فروغ انسانی وسائل (HRDC)، مرکز برائے تدریسی ذرائع ابلاغ (IMC)، انفارمیشن ٹکنالوجی مرکز (CIT)، نظامت برائے ترجمہ واشاعت (DTP)، نظامت داخلہ اور ضمانتِ معیار کا داخلی سیل (IQAC) وغیرہ، جو یونیورسٹی کی قدر وقیمت میں اضافہ کرتے ہیں۔

اردو ذریعہ تعلیم سے تدریس، تحقیق اور تخلیق کے لیے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی کوششوں نے اسے ایک ایسی رجحان ساز اور رہنما یونیورسٹی میں تبدیل کر دیا ہے جو ہندوستانی زبانوں کے تمام اداروں کو روشنی فراہم کر رہی ہے تاکہ وہ بھی اپنی زبانوں میں سائنس وٹکنالوجی کی تعلیم فراہم کرنے کی اپنی اہلیت کا استعمال کریں۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے پاس ترقی، توسیع اور اپنی سرگرمیوں کو بڑھانے کا واضح تصور موجود ہے جو ملک کے ابھرتے ہوئے معاشی ماحول سے مطابقت رکھتا ہے اور سرگرمیوں میں بے تحاشہ اضافہ کی وجہ سے درکار افرادی قوت میں کمی کو پورا بھی کر سکتا ہے۔ یہ تصور معیاری تعلیم، تحقیق کے فروغ، داخلی وسائل کی تخلیق، بنیادی ڈھانچے کی تیاری، طلبا مرکوز اقدامات، ای گورننس اقدامات، توسیعی اقدامات وغیرہ کے حوالے سے یوجی سی کے منصوبے اور وزارت تعلیم حکومت ہند کی ہدایات کے مطابق ہے۔ یونیورسٹی قومی ایجنڈہ برائے رسائی، مساوات اور معیار پر بھی کاربند ہے۔ یونیورسٹی میں اس بات کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے کہ یہاں سے فارغ ہونے والے تمام طلبا انگریزی زبان اور

انفارمیشن ٹکنالوجی میں بھی ضروری مہارت حاصل کریں۔اس سے اردو زبان بھی مستحکم ہوگی اور اردو بولنے والے لوگ ملک کے دیگر طلبا کے ساتھ عمودی اور افقی دونوں سطحوں پر مسابقت کر سکیں گے۔

## 1.7 کامیابیاں

**رسائی:** مجموعی داخلہ تناسب میں بتدریج اضافہ برقرار رکھنا تا کہ اس کے ذریعے پیشہ ورانہ طور پر مسابقت کرنے والی اور سماجی طور پر حساس افرادی قوت تیار کی جائے۔

**مساوات:** یونیورسٹی میں شمولیاتی پالیسیاں جاری ہیں اور اعلیٰ تعلیم کے مستحق اور خواہش مند تمام لوگوں کے لیے موزوں ترین ماحول میں توسیع اور بااختیار بننے کے مواقع فراہم کیے جارہے ہیں تا کہ وہ زندگی اور اس کے اقدار سے ہم آہنگ ہوسکیں اور پورے اعتماد کے ساتھ ہر قسم کی سماجی مشکلات کا سامنا کر سکیں۔

**معیار:** بنیادی ڈھانچے اور سہولتوں میں قابل ذکر اضافے کے ساتھ ساتھ طالب علم-استاد کے تناسب کو کم سے کم کرنے کے لیے معیاری اساتذہ جیسے ایڈجنکٹ / وزیٹنگ / گیسٹ اساتذہ میں بھی اضافہ

**بہترین روایات:** تعاون و مدد کے مختلف نظاموں اور ارتقائی اقدامات کے ذریعے طلبا کو بااختیار بنانا؛

**تعاون کے نظام:** ہوسٹل کی سہولت، تعلیمی وظائف، خواتین، خصوصی اہلیت کے حامل افراد کے لیے عمر میں رعایت وغیرہ۔

## 2.0 مینیجمنٹ اور کامرس کے مخصوص میدانوں میں پی ایچ ڈی پارٹ ٹائم پروگرام اسپانسر کردہ / سیلف فائنانسنگ موڈ

یونیورسٹی نے سال 2004 میں اسکول برائے کامرس و کاروباری انتظامیہ قائم کیا۔اسکول کا بنیادی مقصد انتظامیہ اور کامرس کے میدان میں انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ پروگرام فراہم کرنا ہے۔ان پروگراموں کا ہدف ایسے طلبا کو تیار کرنا ہے جو ایک کامیاب کاروباری بن سکیں یا جو تجارتی و کاروباری دنیا یا چھوٹے / درمیانی صنعتوں میں سوپروائزری یا مینیجریل پوزیشن حاصل کر سکیں اور سماج و معیشت میں اپنا تعاون فراہم کر سکیں۔اس کے علاوہ اسکول کا مشن یہ ہے کہ انتظامیہ و کامرس کے میدانوں میں معیاری تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جاسکے تا کہ اعلیٰ اخلاق و قائدانہ صفات کے فارغین تیار کیے جاسکیں۔

یہ تحقیقی پروگرام جدت کو فروغ دیتے ہیں اور ایسی سرگرمیوں پر مرکوز ہیں جو صنعت اور سماج سے متعلق مسائل کے حل میں کارآمد ہوں۔نیز ایسے تجارت دوست رویے کے حامل ہیں جو بیرونی اشتراک کو بڑھاوادے سکتے ہیں۔شعبہ کی تحقیقی توجہ صرف اس کی مہارت کے روایتی علاقوں تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ جنرل مینیجمنٹ کے مختلف ابھرتے ہوئے علاقوں پر بھی مرکوز ہے۔شعبہ میں بہترین تحقیقی و صنعتی بیک گراؤنڈ والے تجربا کار فیکلٹی ممبران موجود ہیں۔شعبہ میں ایک انتہائی معاون تحقیقی ماحول موجود ہے جو نوجوان محققین کی آنے والی نسل کو پروان چڑھائے گا۔تعلیمی سال 23-2022 سے انتظامیہ کے پی ایچ ڈی پروگرام میں صنعتی میدان میں کام کرنے والے افراد کے لیے بھی اسپانسر کردہ خصوصی فیس کے ساتھ داخلے کھلے ہیں۔

| شعبہ انتظامیہ و کامرس میں پی ایچ ڈی کی مخلوعہ نشستوں اور تخصصات کی تفصیل | |
|---|---|
| تخصص کا میدان | مخلوعہ نشستیں |
| فائنانس، ای کامرس و ڈیجیٹل سپورٹ سسٹم، مالیاتی ماخوذات، بین الاقوامی مالیات، کارپوریٹ مالیات، لاگت انتظامیہ اکاونٹنگ، کامرس، ٹیکس کاری | 14 |
| انسانی وسائل کا انتظامیہ (HRM)، عمومی انتظامیہ، کارکردگی کا انتظامیہ، ملازم کی فرسودگی و برقراری، تنظیمی رویہ (OB)، کارپوریٹ کا نظم وانصرام، قیادت | 13 |
| بازارکاری، ای بازارکاری اور ای تجارت، سبز بازارکاری، فراہمی زنجیر کا انتظام (SCM)، گاہک تعلقات کا انتظام (CRM)، انٹرپرینورشپ، عوامی پالیسی اور اخلاقیات، اختراعی انتظامیہ، ڈیجیٹل انتظامیہ | 10 |
| کل | 37 |
| (غیر محفوظ- 14، او بی سی- 09، ایس سی- 04، ایس ٹی- 03، معاشی پسماندہ- 03) | |

## 3.0 اسکول برائے سائنسی علوم کے مخصوص میدانوں میں پی ایچ ڈی پارٹ ٹائم پروگرام اسپانسر کردہ / سیلف فائنانسنگ موڈ

یونیورسٹی نے مختلف میدانوں میں ترقی کے لیے سائنسی تعلیم کی اہمیت کے پیش نظر 2006 میں اسکول برائے سائنسی علوم قائم کیا تا کہ انسانی مرکوز مضامین (فنون وسماجی علوم) سے الگ منفرد قسم کے پروگراموں کا آغاز کیا جاسکے۔ تاہم سائنسی شعبہ ہائے علم ہی کو کروڑوں انسانوں کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانے میں ٹکنالوجی کی ترقی کے لیے انسانوں کو بنیادی محرکہ فراہم کرنے والا کہا جاتا ہے۔ سائنس کے عناصر میں تجربات کے ذریعے نئے تصورات کی دریافت، عملی مشاہدات کی سہولت فراہم کرنا، علم کے ماخذات کے ذریعے کسی نظریے کی تشکیل کے لیے مفروضے اخذ کرنا اور تعبیرات پیش کرنا وغیرہ شامل ہیں۔ سائنسی مضامین کے پروگراموں کا بنیادی مقصد نئی معلومات کے حصول کے لیے انسان کی فطری جستجو کو اس طرح ابھارنا کہ سائنس کا مطالعہ ان کے لیے اسی طرح پرکشش ہوجائے جس طرح سماج کی ضرورتوں کے مطابق مختلف مسائل کے حل کی تلاش پر کشش ہوتی ہے۔ حتمی طور پر سماج پر سائنسی افکار اور اس کے مصنوعات کی کارفرمائی ہوتی ہے اور انسانی زندگی کے تمام شعبوں پر سائنس کے اثرات مسلسل بڑھتے جاتے ہیں۔

اسکول میں اس وقت: ریاضی، طبعیات، کیمیا، نباتیات اور حیوانیات کے پانچ مضامین میں پی ایچ ڈی پروگرام؛ ایک پوسٹ گریجویٹ پروگرام ایم ایس سی (ریاضی) اور پانچ گریجویشن پروگرام: بی ایس سی (طبعی علوم–ایم پی سی)، بی ایس سی (طبعی علوم–ایم پی سی ایس) اور بی ایس سی (حیاتیاتی علوم–زیڈ بی سی)، بی ووک (ایم ایل ٹی) بی ووک (ایم آئی ٹی) چلائے جارہے ہیں۔

| تخصص کا میدان | مخلوعہ نشستیں |
|---|---|
| فلکی میکانیات | 02 |
| ویویلیٹ نظریے کے اطلاقات | 03 |
| تجزیہ الجبرا | 02 |
| کسری حسابیات | 01 |
| ذیلی مینی فولڈ کی جیومیٹری | 04 |
| نامیاتی کیمیا، عناصری سائنس | 06 |
| حیاتی نامیاتی کیمیا<br>دواوں کی دریافت اور تیاری | 05 |
| نینو ٹکنالوجی (کیمیا) | 01 |
| علم کائنات | 02 |
| انسانی امراض کی مدافعتی بنیاد | 03 |
| مچھلیوں میں مالیکیولر میکانزم | 01 |
| ایلو پیتھی<br>نباتات کی قدرتی مصنوعات | 06 |
| نباتاتی امراضیات | 03 |
| کل | **39** |
| (غیر محفوظ– 16، او بی سی– 10، ایس سی– 06، ایس ٹی– 03، معاشی پسماندہ– 04) | |

## 4.0 اسکول آف ٹکنالوجی کے مخصوص میدانوں میں پی ایچ ڈی پارٹ ٹائم پروگرام اسپانسر کردہ / سیلف فائنانسنگ موڈ

یونیورسٹی نے سال 2014 میں کمپیوٹر سائنس وٹکنالوجی کے تحت فراہم کیے جانے والے مختلف تعلیمی پروگراموں کی معیار بندی کے لیے اور مختلف میدانوں میں سماج کی ترقی میں انفارمیشن ٹکنالوجی تعلیم کی اہمیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے اسکول برائے کمپیوٹر سائنس وانفارمیشن ٹکنالوجی (موجودہ اسکول برائے ٹکنالوجی) قائم کیا۔ اسکول کا بنیادی مقصد کمپیوٹر سائنس اور دوسرے انجینئرنگ ٹکنالوجیز کے میدان میں معیاری تعلیم فراہم کرنا ہے اس کے علاوہ ایسے مضامین کے حقیقی بین علومی گروپ کا امتزاج پیش کرنا بھی اس کے مقاصد میں شامل ہے جو اعلیٰ درجے کی ماہر اور انفارمیشن ٹکنالوجی کے میدان میں دنیا کی بہترین افرادی قوت سے مقابلہ کرنے والی افرادی قوت کی تیاری میں معاون ہو۔ فی الوقت اس اسکول میں ایک شعبہ قائم ہے جس کا نام شعبہ کمپیوٹر سائنس وانفارمیشن ٹکنالوجی ہے۔

| عملی میدان | موضوع | پی ایچ ڈی کی مخلوعہ نشستیں |
|---|---|---|
| تعلیمی ٹکنالوجی / آگمنٹڈ ریالٹی / ورچول ریالٹی | ادراکی سائنس / تعلیمی نیوروسائنس و تعلیمی تحقیق | 2 |
| مصنوعی ذہانت | ا۔ تخصصی اکتساب<br>۲۔ مصنوعی ذہانت برائے سماجی فلاح | |
| مشینی اکتساب اور این ایل پی | ا۔ قیاسی نمونہ سازی<br>۲۔ اشیا کی تشخیص اور زمرہ بندی | 3 |
| ڈیٹا سائنس و مشینی اکتساب | ا۔ کمپیوٹیشنل بقا<br>۲۔ اسمارٹ کمپیوٹنگ | 3 |
| عمیق اکتساب | اسمارٹ کمپیوٹنگ | 1 |
| نیٹ ورکنگ و سیکورٹی | نیٹ ورکنگ و سیکورٹی | 1 |
| IoT | انٹرنیٹ آف تھنگس | |
| ویب ٹکنالوجی | معنیاتی ویب | 1 |
| مشینی اکتساب | تجزیہ احساس | |
| کل | | 11 |
| (غیر محفوظ - 7، او بی سی - 2، ایس سی - 1، ایس ٹی - 1، معاشی پسماندہ - 0) | | |

## 5.0 پی ایچ ڈی پارٹ ٹائم پروگرام اسپانسر کردہ / سیلف فائنانسنگ موڈ میں داخلے کے رہنما خطوط

### 5.1. داخلوں کے لیے عمومی ہدایات

1. پی ایچ ڈی پروگراموں میں داخلے کے لیے زیادہ سے زیادہ عمر کی کوئی قید نہیں ہے۔
2. **داخلے کا طریقۂ کار**

i. **رجسٹریشن:** یونیورسٹی کی جانب سے فراہم کردہ پروگروموں میں داخلہ ریسرچ کے داخلہ امتحان (RAT) / ریسرچ کے داخلہ امتحان سے استثنا کے زمروں میں ویٹیج اور انٹرویو میں حاصل کردہ میرٹ کی بنیاد پر دیا جائے گا۔

ii. **آن لائن درخواست فارم برائے رجسٹریشن:**

a) **ریسرچ کے داخلہ امتحان (RAT) پر مبنی داخلہ:** پی ایچ ڈی پروگراموں (اسپانسر کردہ / سیلف فائنانسنگ / پارٹ ٹائم) میں داخلے داخلہ امتحان کی بنیاد پر ہوں گے۔ یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.edu.in پر جنوری 2022 میں داخلہ کے لیے درخواست فارم کا لنک دستیاب رہے گا۔ فارم بھرنے سے پہلے درخواست فارم پر موجود ہدایات غور سے پڑھیں۔ صحیح پروگرام و شعبہ وغیرہ کا انتخاب کریں اور کمپیوٹر کے ذریعے جاری کی گئی ہدایات کی پابندی کریں۔ کمپیوٹر درخواست نمبر (یوزر نام) اور پاس ورڈ تشکیل دے گا اور ای میل اور ایس ایم ایس کے ذریعے آپ کو بھیجا جائے گا جسے مستقبل میں حوالے کے لیے یاد رکھیں اور محفوظ کرلیں۔

b) **ہال ٹکٹ:** داخلہ امتحان پر مبنی پروگراموں کے لیے ہال ٹکٹ یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔ امیدواروں کو ان کی درخواست کی وصولیابی اور ہال ٹکٹوں کی دستیابی کی تاریخ کے بارے میں ایس ایم ایس اور ای میل کے ذریعے مطلع کیا جائے گا۔ درخواست دہندگان یونیورسٹی ویب سائٹ پر لاگ ان آئی ڈی اور پاس ورڈ کی مدد سے اپنی درخواست کے موجودہ موقف کے متعلق معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔ ڈاک کے ذریعے کوئی ہال ٹکٹ ارسال نہیں کیا جائے گا۔ یہ امیدوار کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ ہال ٹکٹ ڈاؤن لوڈ کرلے۔ یونیورسٹی سے ہدایات کی وصولیابی کے لیے مستند موبائل فون نمبر اور ای میل درج کریں۔ صرف ان ہی امیدواروں کو ہال ٹکٹ جاری کیے جائیں گے جن کی درخواستیں متعینہ فیس اور دیگر ضروری تفصیلات کے ساتھ وصول ہوئی ہوں۔ امیدواروں کو چاہیے کہ تصدیق اور تلبیس شخصی کے امکانات کو ختم کرنے کے لیے ان ہال ٹکٹوں کے ساتھ اپنا ایک مستند تصویری شناختی کارڈ بھی رکھیں۔ ہال ٹکٹ اور مستند تصویری شناختی ثبوت کے بغیر کسی بھی امیدوار کو داخلہ امتحان لکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

